## سوال

(322)ایک ہی مجلس میں تینوں طلاقیں دینا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ایک جلسہ میں عورت کو تین طلاق دینے سے وہ عورت شوہر پر حرام ہوجاتی ہے یا نہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

اگر عورت مدخولہ ہو تو اس صورت میں صرف ایک طلاق رجعی پڑجاتی ہے، جس میں عدت کے اندر شوہر رجعت کرسکتا ہے، یعنی اگر اس طلاق کو وہ واپس لے لے تو وہ واپس ہوسکتا ہے اور اگر عورت غیر مدخولہ ہو تو اس طلاق سے حرام ہوجاتی ہے اور پھر بتراضی طرفین جدید نکاح سے حلال ہوسکتی ہے، اسی طرح اگر عورت مدخولہ ہو اور بلا رجعت عدت گزر جائے تو بھی حرام ہوجاتی ہے اور پھر بتراضی طرفین جدید نکاح سے حلال ہوسکتی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## مجموعہ فتاویٰ عبداللہ غازی پوری

## کتاب الطلاق والخلع، صفحہ:523

## محدث فتویٰ